© rasailojaraid.com

# تبصرہ کتب

## اسلام میں ترکِ نماز کا حکم

مصنف: علامہ ابو سعید الیاربوزی
مترجم: ڈاکٹر خالد ظفر اللہ
صفحات: 88
قیمت: 27 روپے
ناشر: مکتبہ اسلامیہ بھوانہ بازار فیصل آباد
فون: 631204

فرضیتِ نماز سے متعلق قرآن و حدیث میں بڑے دو ٹوک اور واضح الفاظ میں احکام موجود ہیں۔ نماز وہ فریضہ ہے کہ جس کی ادائیگی کی سختی سے تاکید کی گئی ہے۔ اس اہم اور اسلام کے بنیادی رکن کے متعلق رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے ''الصلوة عمادالدين'' جیسے الفاظ ادا ہوئے ہیں۔ افسوس کہ اس مادہ پرستی کے دور میں مسلمانوں نے ''تغافل عارفانہ'' سے کام لیتے ہوئے اسلام کے اس ستون کو زمین بوس کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی۔ وسیع و عریض اور خوبصورت مساجد نمازیوں سے خالی نظر آتی ہیں۔ اقبال کے الفاظ میں ؎

مسجد تو بنادی شب بھر میں ایماں کی حرارت والوں نے
من اپنا پرانا پاپی ہے برسوں میں نمازی بن نہ سکا

زیرِ نظر کتاب علامہ ابو سعید الیاربوزی (ترکی) کی لائق تحسین کاوش ہے۔ اس میں علامہ موصوف نے قرآن و سنت سے فرضیت نماز کے دلائل پیش کئے ہیں اور ''ترک نماز'' کے متعلق اسلامی نقطہ نگاہ سے جو وعید مذکور ہے اسے مترشح کیا ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے ''تارک نماز'' کے متعلق ''بين العبدوبين الكفر ترك الصلوة'' والی حدیث رقم کر کے حکم بھی لگایا ہے۔ کتاب میں پائی جانے والی فکر کو زمانہ رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکر اب تک کے اسلام کے بہت بڑے محدثین' ائمہ کرام اور علماء عظام کی تائید حاصل رہی ہے۔ قرون اولیٰ کے صحابہ کرامؓ' اور تابعین عظام ''بے نماز'' کے مشرک و کافر ہونے کے مزید رہے ہیں اور اس سلسلے میں ان سے بہت اقوال بھی مروی ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب کا اسلوب نگارش بہت عمدہ ہے۔ مختلف ابواب قائم کر کے پہلے قرآنی آیات درج کی گئی ہیں اور پھر احادیث مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش کیا گیا ہے۔ احادیث کے معاملے میں انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا ہے ''رطب ویابس کی بجائے فقط صحیح احادیث کو ہی بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے' مصنف اپنی کوشش میں بہت کامیاب رہے ہیں۔ اصل کتاب ترکی زبان میں لکھی گئی تھی اسے محترم ڈاکٹر خالد ظفر اللہ صاحب (پروفیسر گورنمنٹ کالج سمندری) نے اپنے شگفتہ قلم سے اردو کے خوبصورت پیرائے میں ڈھال دیا ہے۔ کتاب اپنے موضوع کا مکمل احاطہ کئے ہوئی ہے۔ خوبصورت ٹائٹل' اعلیٰ طباعت' عمدہ کاغذ اس کتاب کے حسن کو اور بھی دوبالا کرتے ہیں۔ کتاب کے مصنف' مترجم اور ناشر تعریف و تحسین کے لائق ہیں۔ ایسی کتب اصلاح معاشرہ میں خاص اہمیت رکھتی ہیں' ہر مسلمان مرد و عورت کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

## جماعتِ حقّہ کے عقائد

تالیف: فضیلۃ الشیخ العلامۃ حافظ ابن احمد الحکمی
ترجمہ: مولانا مختار احمد ندوی
تحقیق و تخریج: مولانا محمد سرور عاصم
صفحات: 256
قیمت: مجلد 120' غیر مجلد 75 روپے
ناشر و ملنے کا پتہ۔ مکتبہ اسلامیہ بھوانہ بازار فیصل آباد۔ فون 631204

''عقیدہ'' ایک بنیادی چیز ہے اور اسلام میں اسے بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ اگر عقیدہ درست ہے تو معاملہ ٹھیک سمجھئے اور

بقیہ صفحہ نمبر ۷۳



© rasailojaraid.com